# حساس/ممنوع الفاظ کی فہرست

## حساس/ممنوع الفاظ

ایسوسی ایشن:

یہ لفظ اُن کمپنیوں کے ناموں میں استعمال کیا جائے گا جو کہ کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن 42 کے تحت کمیشن کے لائسنس کے اجراپر قائم کی جائیں گی یا اآرگنائزیشن کے طور پر ٹریڈ آرگنائزیشن آرڈیننس 2007 کے تحت قائم کی جائیں گی۔

**بناولینٹ/فاؤنڈیشن**

یہ الفاظ اُن کمپنیوں کے ناموں میں استعمال کیے جائیں گے جو کہ کمپنیز آرڈیننس کے سیکشن 42 کے تحت کمیشن کے لائسنس کے اجرا پر قائم کی جائیں گی۔

**سوسائٹی**

یہ الفاظ مناسب جواز کی فراہمی پر یہ لفظ کمپنیوں کے ناموں میں شامل کیا جاسکتا ہے۔

**فنڈ**

کمپنی کے نام میں اس لفظ کے استعمال کی اجازت دی جاسکتی ہے اگر یہ کمپنی کمیشن کے اسپیشلائزڈ کمپنیز ڈویژن کے لائسنس کے تحت ایک نان بینکنگ فنانشل کمپنی کے طور پر کام کرے یا پبلک سیکٹر کمپنی کے طور پر آرڈیننس مجریہ 1984 کے سیکشن 42 کے تحت کمیشن کے منظور کردہ لائسنس کے تحت کام کرے۔

**کونسل**

یہ لفظ اُن کمپنیز کے ناموں میں شامل کیا جاسکتا ہے جو کہ آرڈیننس کے سیکشن 42 کے تحت کمیشن کی طرف سے لائسنس کے اجرا پر قائم کی گئی ہو۔اس کے علاوہ یہ لفظ سپورٹس ایسوسی ایشن اور پروفیشنل باڈیز کو بھی استعمال کرنے کی اجازت ہے۔

**چیمبر آف کامرس**

یہ لفظ اُن اداروں کے نام میں شامل کیا جاسکتا ہے جو ٹریڈ آرگنائزیشن آرڈیننس مجریہ 2007 کے تحت ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن منسٹری آف کامرس

، حکومتِ پاکستان کی طرف سے لائسنس کے اجرا بطور ٹریڈ باڈیز قائم کی جائیں۔

**اتھارٹی/رجسٹر/رجسٹرڈ/کوآپریٹو/بیورو/ڈویژن**

اِن الفاظ کے استعمال کی اِجازت نہیں ہے۔

**ٹرسٹ**

یہ لفظ ریٹ(REITs) کے نام میں شامل کیا جا سکتا ہے بشرطِ کہ کمیشن کے اسپیشلائزڈ کمپنیز ڈویژن کی طرف سے لائسنس کے اجرا پر قائم کیا جائے۔

آشورنس/آشورر/اِنشورنس/انشورر/ری۔آشورنس/رِی۔آشورر/رِی۔اِنشورنس/رِی۔اِنشورر

یہ الفاظ اِنشورنس، آشورنس، رِی۔آشورنس، رِی۔اِنشورنس کا کاروبار کرنے والی کمپنیز کے نام میں شامل کیا جا سکتا ہے۔اس سلسلے میں کمپنی کی انکورپوریشن کے وقت کمیشن کے اِنشورنس ڈویژن کی پیشگی اجازت کی ضرروت ہے۔

**بورڈ**

کاغذ یا بورڈ کا کاروبار کرنے کی خواہش مند کمپنیوں یا پبلک سیکٹر کمپنیوں کے ناموں میں شامل کیا جا سکتا ہے۔

**بحریہ/عسکری/فوجی/فضائیہ/کیڈٹ**

یہ لفظ متعلقہ ایجنسی کے تحت قائم کی جانے والی کمپنیز کے ناموں میں استعمال کیے جا سکتے ہیں

**بنکس/بینکنگ کمپنی**

یہ الفاظ بینکنگ کمپنیز آرڈیننس مجریہ 1962 کے سیکشن 8 اور مائیکروفنانس انسٹی ٹیوٹ آرڈیننس مجریہ 2001 کے سیکشن 5(1) کے تحت بنک دولتِ پاکستان کی اجازت سے کمپنیوں کے ناموں میں استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

**چارٹر/چارٹرڈ**

یہ الفاظ فیڈریشن اور صوبے کی خود مختار اتھارٹی سے چارٹر رکھنے والی کمپنیوں کے ناموں میں شامل کیے جا سکتے ہیں۔

**ایکسچینج/بورس**

ان الفاظ سٹاک ایکسچینج، کموڈٹی ایکسچینج اور ایکسچینج کمپنیوں کے استعمال کی اجازت صرف اس صورت میں دی جا سکتی ہے بشر طیکہ متعلقہ اتھارٹی سے این او سی

حاصل کیا جا چکا ہو۔

**جانے پہچانے تجارتی نام (Familiar Trade Name)**

یہ الفاظ صرف جانے پہچانے نام استعمال کرنے والی این او سی کمپنیوں کے ناموں میں شامل کیے جاتے ہیں یا درخواست گزار کو تجارتی نام کی ملکیت/استعمال کرنے کا مناسب دستاویزی ثبوت جمع کروانے پر استعمال کی اجازت ملتی ہے۔

**مشہور/منفرد شخصیات**

مناسب جواز اور متعلقہ اتھارٹی کی منظوری فراہم کرنے پر یہ الفاظ کمپنیوں کے ناموں میں استعمال کئے جا سکتے ہیں

**فیڈریشن**

یہ لفظ فیڈریشن آرڈیننس مجریہ 1984 کے سیکشن 42 کے تحت لائسنس یافتہ سپورٹس فیڈریشن یا ٹریڈ آرگنائزیشن آرڈیننس مجریہ 2007 کے تحت ٹریڈ باڈیز کے ناموں میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

**فیڈرل**

اس نام کی اجازت مجوزہ کمپنی کی وفاقی حکومت کے ساتھ رابطہ یا سرپرستی کی موجودگی کی صورت میں دی جاتی ہے

**گروپ**

یہ لفظ کمپنیز کے نام میں استعمال کیا جا سکتا ہے اگر اس لفظ کے استعمال کا مطلب واحد کارپوریٹ ملکیت کے تحت کئی کمپنیز ہیں اور درخواست گزار دو یا دو سے زیادہ پاکستانی کمپنیز کے ساتھ سبسڈی یا ایسوسی ایٹ کے تعلق کے بارے میں ثبوت فراہم کرے۔

**ہولڈنگ**

اگر کمپنیز آرڈیننس مجریہ 1984 کے سیکشن 3 کے تحت ہولڈنگ کمپنی کے طور پر اہل ہو تو یہ لفظ کمپنی کے نام میں شامل کیا جا سکتا ہے مثال کے طور پر کمپنی اپنے ابجیکٹ کلاز میں یہ ادارہ دکھائے کہ وہ انکارپوریشن کے بعد ہولڈنگ کمپنی کے طور پر عمل کرے گی۔

**انسٹی ٹیوشن ( Institution)**

یہ لفظ پبلک سیکٹر کمپنیز کے نام میں شامل کیا جا سکتا ہے

**سرمایہ کاری (Investment)**

یہ لفظ غیر بینکاری مالیاتی کمپنیز، ریٹ اور بروکریج ہاؤسسز یا پبلک سیکٹر مالیاتی اداروں یا سرمایہ کار کمپنی کے ناموں میں شامل کیا جاسکتا ہے۔

انوسٹمنٹ فنانس، انوسٹمنٹ ایڈوائزری، لیز نگ، اثاثہ جاتی مینجمینٹ، ہاؤزنگ فنانس یہ الفاظ غیر بینکاری مالیاتی کمپنیز کے ناموں میں استعمال کیے جاسکتے ہیں۔

پاکستان کے علاوہ کسی اور ملک کے نام یا شہریت پر مشتمل کمپنی کا نام جب تک مناسب جواز فراہم نہ کیا جائے اِن ناموں کی ممانعت ہے۔

دو ممالک کے ناموں پر مشتمل کمپنی کا نام مثلاً پاکستان یا پاک اور کسی اور غیر ملکی کمپنی کا نام دو ممالک یا دو ممالک کی کمپنیز کے جوائنٹ وینچر ہونے کا ثبوت فراہم کرنے پر یہ الفاظ کمپنیوں کے ناموں میں استعمال کئے جاسکتے ہیں۔

نیا/ماڈرن/دی/ال

یہ نام کمپنیوں کے ناموں میں شامل کیے جاسکتے ہیں۔تاہم پہلے سے موجود کمپنی کے نام کو مجوزہ کمپنی کے نام سے منفرد بنانے کے لئے استعمال ہونے کی صورت میں یہ نام قبول کئے جاسکتے ہیں۔

گزشتہ یا موجودہ پاکستانی یا غیر ملکی ریاست کے سربراہ کی سرپرستی، وفاقی یا صوبائی حکومت، محکمہ یا اتھارٹی کے ساتھ کنکشن، صوبائی یا وفاقی قانون کے تحت قائم کی گئی کارپوریشن کے ساتھ تعلق یا سرپرستی یا کسی غیر ملکی حکومت یا بین الاقوامی تنظیم کے ساتھ کوئی تعلق مناسب جواز کی فراہمی پر کمیشن کی اجازت کے ساتھ یہ الفاظ کمپنیوں کے ناموں میں استعمال کئے جاسکتے ہیں

**اسٹیٹ**

وفاقی حکومت کی قائم کردہ کمپنیوں کے ناموں میں یہ لفظ استعمال کیا جاسکتا ہے۔

**یونیورسٹی**

اس لفظ کی اجازت ہائر ایجوکیشن کمیشن کی ہدایات کی روشنی میں یونیورسٹی مینجمینٹ کمپنی کے نام میں یونیورسٹی کا انتظام چلانے کے لئے دی جاسکتی ہے

یو این او، ورلڈ بینک، آئی ایم ایف، ریڈ کراس، ریڈ کریسنٹ جیسے الفاظ کی ممانعت ہے۔

**مجوزہ ناموں میں ہجوں کے بارے میں اہم نوٹ**

یہاں یہ ذکر کرنا مناسب ہے کہ مجوزہ نام کی درخواست پر صرف اس صورت میں غور کیا جائے گا اگر مجوزہ نام کے ہجے ڈکشنری کے مطابق ہیں ڈکشنری ہجوں سے کوئی انحراف قبول نہیں کیا جائے گا اور یہ نام مسترد کر دیا جائے گا۔

کسی ابہام یا اختلاف کی صورت میں انگریزی متن ملاحظہ فرمائیں۔

http://www.secp.gov.pk/ns/pdf/Prohibited_words.pdf